

# ایک بڑی مصیبت

هرمیندر اوهری



Read India
An imprint of Pratham Books

RGF Pratham
SERIES



Original story (*English*) Kato Clever and the Big Trouble by Herminder Ohri
© Rajiv Gandhi Foundation-Pratham Books, 2004

First Urdu Edition: 2006

Illustrations: Herminder Ohri
Design: Moonis Ijlal
Urdu Translation: Faiyaz Ahmed

ISBN: 81-8263-163-7

Registered Office:
PRATHAM BOOKS
9, Charles Campbell Road,
Cox Town,
Bangalore 560 005
✆ 080-25801462, 25801463

Regional Offices:
Mumbai ✆ 022-65162526
New Delhi ✆ 011-65684113

Typesetting and
Layout by:
Pratham Books



Printed by:
Repro India Ltd., Mumbai

Published by: Pratham Books
www.prathambooks.org

Some rights reserved. This book is CC-BY-3.0 licensed.
Full terms of use and attribution available at:
http://www.prathambooks.org/cc

# ایک بڑی مصیبت

مصنف اور تصویر

**ہرمیندر اوہری**



اردو ترجمہ

فیاض احمد

شہر کے ایک چھوٹے سے باغ میں بہت سارے چھوٹے بڑے جانور آپس میں مِل جُل کر رہتے تھے۔ باغ میں پیپل کا ایک پیڑ بھی تھا۔ اس پیڑ پر گلہریوں کا ایک کنبہ رہتا تھا۔ وِکّی اس کنبے کا شیخی مار رکن تھا۔ ایک مرتبہ اس کا چچیرا بھائی کاٹو دور جنگل سے وِکّی سے ملنے آیا۔





ایک دن جب سبھی گلہریاں سونے کی تیاری کر رہی تھیں تو انہیں پاس کے میدان
سے کھڑ پڑ کی آوازیں سنائی دیں۔



کاٹو اور دوسری گلہریوں نے جھانک کر دیکھا کہ بڑی بڑی پیلی مشینیں لئے اور پیلی تِکونی ٹوپی پہنے کچھ آدمی ان کے باغ کی طرف اشارہ کر رہے تھے۔ دراصل وہ لوگ باغ کے سامنے والے گھروں کو گرا کر' کار پارکنگ' یعنی گاڑیاں کھڑی کرنے کی جگہ بنانے والے تھے۔





ان گھروں میں رہنے والے آدمیوں کے لئے تو دوسرے گھروں کا انتظام ہو گیا تھا لیکن جانوروں، چڑیوں اور کیڑے مکوڑوں کے بارے میں بھلا کون سوچتا ہے؟





پیلی پیلی مشینوں کو سب سے پہلے چھچھوندروں نے دیکھا تھا۔ ان میں سب سے بزرگ چھچھوندر تھے ہواسنگھ۔ انہوں نے گلاب سنگھ کو بتایا اور پھر گلاب سنگھ نے مکھن سنگھ کو بتایا۔





بات دراصل یہ ہے کہ جب وہ بچے تھے تو لوگ انہیں ہوا، گلاب اور مکھن کے نام سے پکارتے تھے۔



ہوا سنگھ نے گلہریوں کو خبر دی، گلہریوں نے چڑیوں کو، چڑیوں نے علّیوں کو، علّیوں نے تتلیوں کو اور اس طرح سے یہ بات پورے باغ میں پھیل گئی۔ اس



کے بعد تو جیسے بھگدڑ رہی مچ گئی ہو۔ لوگ اِدھر اُدھر بھاگ رہے تھے، اُڑ رہے تھے، اُچھل کود رہے تھے، ہنس رہے تھے اور رو رہے تھے۔ کیا کریں؟ کدھر جائیں؟ ہائے، یہ کیسی الجھن اور کیسی مصیبت ہے؟ علّیاں بولیں، ”چلو پتّے جمع کرتے ہیں۔“ تتلیوں نے کہا، ”ہمیں پھول چاہیئے۔“



چوہوں کو اپنے بلوں کی فکر تھی اور چھچھوندروں کو بھی اپنے لئے بل چاہیئے تھے۔ اصل میں سبھی جانور اچھی طرح سے جانتے تھے کہ پیڑ پودوں، جھاڑیوں اور گھاس کے بغیر وہ زندہ نہیں رہ پائیں گے۔ وہ نرم زمین پر پلے بڑھے تھے۔ سیمینٹ کی سخت زمین پر رہنا ان کے لئے ممکن نہیں تھا۔ روتے روتے وہ بولے، ”ہمیں یہ سب کہاں مل پائے گا؟ ہم کیسے رہیں گے؟“





کاٹو کے چاچا، چاچی سب کچھ خاموشی سے سن رہے تھے۔ چھوٹی گلہریاں اپنی اپنی ماؤں کے آنچل میں دُبک کر بیٹھی تھیں۔

کاٹو نے کھنکھار کر اپنا گلا صاف کیا اور شرماتے ہوئے بولا، ''میں دور جنگل میں رہتا ہوں، کیوں نہ ہم سب وہیں چلیں؟'' یہ سن کر سبھی خوش ہوئے۔ واہ، یہ ہوئی نہ بات! ایک ہلچل سی مچ گئی۔ ''لیکن کیسے؟'' کسی نے پوچھا۔

کاٹو نے اپنا سر کھجلاتے ہوئے کہا، ''گلہریوں کی تیز رفتار ریل گاڑی سبھی گلہریوں، علّیوں، تتلیوں، مکڑیوں اور سارے کیڑے مکوڑوں کو وہاں لے جا سکتی ہے۔ پرندے اڑ کر جا سکتے ہیں۔ چھچھوندروں، چوہوں اور سانپوں کو زمین کے نیچے سے 'چھچھوندر ایکسپریس ریل گاڑی' لے کر جا سکتی ہے۔''






سبھی نے کاٹو کے مشورے کی خوب تعریف کی۔ ہواسنگھ دوڑ کر 'چھچھوندرا ایکسپریس' کے ڈرائیور مسٹر گنٹو کے پاس پہنچے اور پوچھنے لگے، ''کیا 'چھچھوندرا ایکسپریس' چھچھوندروں کو دور جنگل میں لے جائے گی؟''

ڈرائیور صاحب پہلے تو گھبرائے، پھر شرمائے، تھوڑا ہکلائے اور پھر فرمائے'' کیوں نہیں، کیوں نہیں ضرور لے جائیں گے!''

ہواسنگھ کو لگا اسے بھی تھوڑا بڑپّن دکھانا چاہئے۔ ''دوستو، گھبرانے کی کوئی بات نہیں میرے پردادا کے بھائی کے دادا کی چوتھی چاچی کے ممیرے بھائی کی تیسری بھتیجی اور دوسرے بھتیجے دور جنگل میں رہتے ہیں۔'' اس نے تسلی دی۔





صبح سویرے دو ریل گاڑیاں 'گلہری ایکسپریس' اور 'چھچھوندر ایکسپریس' اپنی اپنی سواریوں کو لے کر دور جنگل کی طرف، درختوں، تالابوں، پھولوں اور نرم نرم زمین کی طرف روانہ ہوئی۔ 'چھک چھک ، چھک چھک'۔



کاٹو گلھری کا کنبہ باغ میں رہتا تھا۔ ایک دن کچھ لوگ مشینیں لے کر درختوں کو کاٹنے آئے۔ اس مصیبت سے کاٹو اور اس کے دوست کیسے بچے؟ یہ جاننے کے لئے پڑھیں کہانی " ایک بڑی مصیبت ۔"

اس زمرے کی دوسری اور کتابیں

کشتی کی سیر • روندو اور مُلّی • چھٹکو مکڑا • ہماری خوبصورت دنیا

ہندوستان کی کئی زبانوں میں ہماری مزیدار کتابوں کی تفصیلات کے لئے
www.prathambooks.org لاگ آن کریں۔

'پرتھم بکس' منافع بخش اشاعتی ادارہ نہیں ہے۔ اس کا مقصد ہندستانی زبانوں میں بچوں کے لئے سستے داموں میں عمدہ قسم کی کتابیں دستیاب کرانا ہے۔

ISBN 81-8263-163-7

Ek Badi Musibat (Urdu)

Rs. 20.00